پروفیسر تاثیر وجدان

امیر شریعت رحمہ اللہ

احرارِ پاک و ہند کے اے رہبرِ عظیم
اے کاروانِ صدق کے سالارِ بے مثال
گم گشتگانِ دشت کو آخر ملا اگر
تیرے ہی نقشِ پا سے ملا جادۂ کمال
ٹوٹا تری ہی ضرب سے بت خانۂ فرنگ
تھا زلزلہ فگن تری آواز کا جلال
تیرے علَم کے سائے میں جاری سفر کے بعد
قدموں نے پائی منزلِ آزادیٔ وطن
دار و رسن سے عہد وفا تھی تیری حیات
ترے جنوں کو بند و سلاسل کی تھی لگن
اے منفرد خطیب ، تیری آتشِ نوا
جامد رگوں میں بھر گئی احساس کی جلن

تحریک حریت کے اے معمارِ اوّلیں
تیرے عظیم عزم پر بڑھتے چلے گئے
منزل کی سمت لشکر احرار دم بدم
تیرا خلوص بانگِ جرس تھا کہ جس کے بعد
افرادِ قافلہ ہوئے ہم جادہ ہم قدم
اے بے مثل مجاہد جانباز و سرفروش
تو جا چکا مگر تیرے احرار کی سپاہ
ہے آج بھی کھڑی سرِ میداں کفن بدوش
ہیں وارثانِ فقرِ رسولِ گلیم پوش
یہ اہلِ فقر روشنی ہے جن کی خرقہ پوش

الغازی مشینری سٹور

ہمہ قسم چائنہ ڈیزل انجن، سپیئر پارٹس
تھوک و پرچون ارزاں نرخوں پر ہم سے طلب کریں

بلاک نمبر 9 کالج روڈ، ڈیرہ غازی خان فون: 0641-462501